More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر: ۱۴

# گرل گائیڈز

سوال نمبر: (۱) درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

(الف) گرل گائیڈ کون ہوتی ہے؟

جواب: گرل گائیڈ سے مُراد ایسی لڑکی ہے کہ جو لڑکیوں کی بین الاقوامی تنظیم "گرل گائیڈز" کی رُکن ہو۔ وہ نہ تو کسی سیاسی اور نہ ہی کسی مذہبی اور تعصبی تنظیم سے واسطہ ہو۔ بلکہ بلا تفریق رنگ و نسل، ذاتی مفاد اور تعصّب سے بالاتر ہو کر صرف اور صرف انسانیت کی خدمت کرنے کی خواہشمند ہو۔

(ب) ۱۲ر فروری ۱۹۶۱ء کو گرل گائیڈ ریلی میں کس نے خطاب کیا؟

جواب: ۱۲ر فروری ۱۹۶۱ء کو پاکستان کے شہر لاہور میں ایک بین الاقوامی سطح کی گرلز گائیڈ ریلی منعقد ہوئی۔ اس ریلی سے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح اور برطانیہ کہ ملکہ الزبتھ نے بھی خطاب کیا۔

(ج) قیامِ پاکستان کے بعد اس تنظیم کا کیا نام رکھا گیا؟

جواب: قیامِ پاکستان کے بعد پاکستان میں گرلز گائیڈ تنظیم کا نام پاکستان ایسوسی ایشن آف گرلز گائیڈز رکھا گیا۔

(د) PAGG کا ہیڈ کوارٹر کہاں ہے؟

جواب: پاکستان ایسوسی ایشن آف گرلز گائیڈ کا مرکزی دفتر (ہیڈ کوارٹر) اسلام آباد میں ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

**(ہ) جب کوئی گرل گائیڈ اس تنظیم میں شامل ہوتی ہے تو کیا وعدہ کرتی ہے؟**

جواب: جب کوئی لڑکی گرل گائیڈ بنتی ہے تو اُسے تین انگلیاں اُٹھا کر وعدہ کرنا ہوتا ہے کہ:

''میں وعدہ کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ وعلیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اور سُنّت کی پیروی کروں گی اور اپنے وطن پاکستان کے قوانین کی پابند رہوں گی۔ بنی نوع انسان کی مدد کروں گی، تعمیرِ پاکستان کے کاموں میں حصّہ لوں گی، اور گرل گائیڈ کے قوانین کی پابند رہوں گی۔''

**(و) گرل گائیڈ کو عمر کے مطابق کتنے مراحل میں تقسیم کیا جاتا ہے؟**

جواب: گرلز گائیڈز کو عمر کے لحاظ سے تین مراحل میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(۱) **جونیئر گائیڈ:** جن کی عمر چھ سے گیارہ برس کے درمیان ہوتی ہے ان کی وردی سفید اور پٹی نیلی ہوتی ہے۔

(۲) **گرل گائیڈ:** اِن کی عمر گیارہ سال سے سولہ سال تک ہوتی ہے۔ ان کی وردی بھی سفید مگر پٹی سبز ہوتی ہے۔

(۳) **سینئر گرل گائیڈ:** ان کی عمر سولہ سال سے اکیس سال ہوتی ہے۔ ان کی وردی بھی سفید اور سبز پٹی بہ طور شال ہوتی ہے۔ مگر اضافی سُرخ اسکارف بھی شامل ہوتا ہے۔

**(ز) NOMA کیا ہے؟ یہ کس کو ملا؟**

جواب: NOMA اقوامِ متحدہ کے ادارے UNESCO کی جانب سے دیا جانے والا اعزاز ہے جو وہ ایسی گرلز گائیڈز کو دیتی ہے کہ جنھوں نے انسانیت کی خدمت اور بھلائی کے لئے کوئی اہم کارنامہ انجام دیا ہو۔ پاکستان گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کو تعلیم کے میدان میں بہتر خدمات انجام دینے پر یہ اعزاز ۱۹۸۹ء میں دیا گیا تھا۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر:(۲) درج ذیل الفاظ وتراکیب کے معنی لکھیے اور جملے بنایئے۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| قیامِ پاکستان | پاکستان کا قائم ہونا | ۱۴/اگست ۱۹۴۷ء قیامِ پاکستان کی تاریخ ہے۔ |
| انسانیت | انسانوں سے اچھا سلوک کرنا | تعلیم انسان کو انسانیت سکھاتی ہے۔ |
| فنون | ہُنر (فن کی جمع) | علوم وفنون دونوں ہی انسان کی ترقی کے لئے ضروری ہیں۔ |
| دستکاری | ہاتھ سے چیزیں بنانا | سندھ کا شہر ہالا دستکاری کے لئے مشہور ہے۔ |
| اطاعت | فرمانبرداری | ہر مسلمان کو اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کی اطاعت کرنی چاہیے۔ |
| تنظیم | کوئی ادارہ ، باقاعدگی | بر صغیر میں مسلمانوں کی مضبوط اور متحرک تنظیم آل انڈیا مسلم لیگ تھی۔ |

سوال نمبر:(۳) سبق کے مطابق خالی جگہیں پُر کیجیے۔

(الف) جو لوگ انسانیت کی خدمت کرتے ہیں اُن کا مقام دُنیا و آخرت میں اعلیٰ ہوتا ہے۔

(ب) لارڈ بیڈن پاوَل نے اپنی بہن اگنیس سے مشاورت کی۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ج) گرل گائیڈز کو ۱۹۲۳ء میں شاہی میثاق میں شامل کرلیا گیا۔

(د) لاہور ریلی میں تقریباً ایک ہزار گرلز گائیڈ نے حصہ لیا۔

(ہ) ہر گرل گائیڈ کے پاس ایک دستی کتاب ضرور ہوتی ہے۔

**سوال نمبر:(۴) درج ذیل الفاظ پر لُغت سے دیکھ کر اعراب لگا کر تلفُّظ واضح کیجیے۔**

جواب: قَوَانِیْن ۔ کوشِش ۔ پاکِیزَہ ۔ تَنْظِیْم ۔ فُنُوْن ۔

**سوال نمبر:(۵) سبق کے مطابق دُرست بیان پر صحیح کا نشان ( ) لگائیے۔**

(الف) گرل گائیڈ ملازمت کرتی ہے۔ [ X ]

(ب) (PAGG) تنظیم ۲۰۱۰ء میں وجود میں آئی۔ [ X ]

(ج) ۲۹ دسمبر ۱۹۴۷ء کو قائدِ اعظم اور محترمہ فاطمہ جناح نے پاکستان میں گرلز گائیڈ تنظیم بنانے پر بات چیت کی۔ [ ]

(د) عالمی سطح پر اس تنظیم کے آٹھ بڑے مراکز ہیں۔ [ ]

(ہ) گرلز گائیڈ کے پاس ایک قلم ضرور ہوتا ہے۔ [ X ]

**سوال نمبر:(۶) ان الفاظ کا ایک ایک مترادف لکھیے:**

| الفاظ | لال | پیروی | تعمیر | بنی نوع | سبز |
|---|---|---|---|---|---|
| مترادف | سُرخ | تقلید | بنانا | نسل | ہرا |

**سوال نمبر:(۷) گرل گائیڈز کے بارے میں ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔**

جواب:

## گرلز گائیڈ

گرلز گائیڈ لڑکیوں کی عالمی تنظیم ہے۔ یہ تنظیم ۱۹۱۱ء میں قائم کی گئی کہ جب کچھ لڑکیوں نے اسکاؤٹس کی تنظیم میں شامل ہونے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اسکاؤٹنگ کے بانی

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

''سر لارڈ بیڈن پاؤل'' کی بہن ''آگسٹیس'' گرلز گائیڈ تحریک کی بانی ہیں۔ گرلز گائیڈ تحریک میں شامل لڑکیاں رنگ، نسل، مذہب، ملت اور زبان کی تفریق سے بالاتر ہو کر صرف اور صرف انسانیت کے نام پر انسانوں کی خدمت کرتی ہیں۔ اس تنظیم نے اتنی مقبولیت حاصل کر لی کہ ۱۹۳۳ء میں برطانیہ کے شاہی میثاق میں شامل کر لیا گیا۔ پاکستان میں ''پاکستان ایسوسی ایشن آف گرلز گائیڈ'' کا قیام ۲۹ ردسمبر ۱۹۴۷ء کو عمل میں آیا۔ گرلز گائیڈز کو عمر کے لحاظ سے تین درجات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ چھ سے گیارہ سال تک 'جونیئر گائیڈ'، گیارہ سے سولہ سال تک گرل گائیڈ اور سولہ سے اکیس سال تک کی عمر کی لڑکیاں سینیئر گائیڈز کہلاتی ہیں۔ پاکستان میں اس تنظیم کو مزید متحرک کرنے کی ضرورت ہے۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



www.Perfect24u.com

Perfect24u.com